© rasailojaraid.com



**What is Islam** [اسلام کیا ہے؟]، ڈاکٹر کرنل محمد ایوب خان۔ پتا: ۲۹۴، ایکس ٹینشن کیولری گراؤنڈ، لاہور کینٹ۔ صفحات: ۱۲۸۔ قیمت: ۶۰ روپے۔

ڈاکٹر کرنل محمد ایوب خان نے اس کتاب میں قرآنی آیات کے ذریعے قرآن کا پیغام ان لوگوں تک پہنچانے کی کوشش کی ہے جو اسلام کی بنیادی تعلیمات سے آگاہ نہیں ہیں۔ چودہ ابواب میں رب کریم کی صفات، انسان، ریاست، جدوجہد، معاشرے اور کائنات کے حوالے سے قرآنی آیات جمع کر دی گئی ہیں اور مصنف نے کوشش کی ہے کہ اپنی طرف سے تشریحات کم از کم دے۔

قرآن کے پیغام کو عام کرنے اور اس کے پیغام کو متعارف کرانے کے لیے انگریزی زبان میں کی جانے والی یہ کوشش قابل تعریف ہے۔ دو امور قابل توجہ ہیں، اول: قرآنی آیات کے نمبروں کے ساتھ سورتوں کے نام تحریر کرنا بھی مناسب ہے۔ دوم: آنحضرتؐ کی زندگی اور جدوجہد کی مثالیں بھی شامل کی جائیں تو غیر مسلموں تک یہ پیغام آغاز ہی میں پہنچ جاتا ہے کہ قرآن حکیم کے بعد اسوۂ رسولؐ ہی مسلمانوں کے لیے راہنما ہے۔

مصنف کے مطابق ایک جرمن نومسلم نے جرمن زبان میں اس کا ترجمہ بھی کیا تھا۔ ابتدا میں پروفیسر حمید احمد خاں، ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی اور بعض دیگر اکابر کی تقاریظ شامل ہیں (محمد ایوب منیر)۔

## مطبوعات موصولہ

☆ **احکام الصیّام**، محمد آصف احسان عبدالباقی، ناشر: کشمیر بک ڈپو، چنیوٹ بازار، فیصل آباد۔ صفحات: ۱۲۷۔ قیمت: ندارد۔ [ روزہ اور اس کے متعلقات (فرضیت، فوائد، فضیلت، رویت ہلال، مباحات، مستحبات، مبطلات، نفلی اور ممنوع روزے، اعتکاف) پر تحقیقی انداز کی علمی کاوش۔ جملہ پہلوؤں اور جزئیات کے بارے میں ضروری کوائف (مگر تراویح کا ذکر کیوں نہیں؟ شبینہ کی بات بھی تشنہ ہے) مجموعی طور پر معتدل اور متوازن انداز نظر۔ بعض اردو الفاظ کے انگریزی مترادفات غیر ضروری ہیں اور کہیں کہیں قطعی غلط۔ حوالوں اور کتابیات کا اہتمام مستحسن ]۔

--------------------

© rasailojaraid.com